## شیخ رشید پر قاتلانہ حملہ دہشت گردی کا ایک سنگین واقعہ ہے جسکی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔الطاف حسین

## شیخ رشید پر قاتلانہ حملے کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے،حملہ آوروں کو گرفتار کرکے سخت سے سخت سزا دی جائے

## راولپنڈی میں ضمنی انتخابات کو پرامن بنانے کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں

## الطاف حسین کی جانب سے شیخ رشید کی صحتیابی کیلئے دعا،جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین اور عوامی مسلم لیگ کے کارکنوں سے اظہار تعزیت

لندن۔۔۔8 فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے راولپنڈی میں مسلح دہشت گردوں کی جانب سے عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید پر قاتلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں شیخ رشید کے چار محافظوں کے جاں بحق ہونے اور کئی افراد کے زخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ شیخ رشید پر قاتلانہ حملہ دہشت گردی کا ایک سنگین واقعہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے شیخ رشید کی صحتیابی کیلئے دعا کی اور دہشت گردی کے اس واقعہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین اور عوامی مسلم لیگ کے تمام کارکنوں سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ واقعہ میں جاں بح ہونے والے افراد کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور زخمیوں کو صحت کاملہ عطا کرے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ شیخ رشید پر قاتلانہ حملے کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے،حملہ آوروں کو ڈھونڈ نکالا جائے اور گرفتار کرکے سخت سے سخت سزا دی جائے۔انہوں نے حکومت سے مزید مطالبہ کیا کہ راولپنڈی میں ضمنی انتخابات کو پرامن بنانے کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں۔

## شیخ رشید احمد سے الطاف حسین کا ٹیلی فون پر رابطہ

## مجھ سمیت ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن آپ کے دکھ میں برابر کا شریک ہے،الطاف حسین

## شیخ رشید پر قاتلانہ حملے اوران کے چار ساتھیوں کی شہادت پر اظہار مذمت

لندن۔۔۔8،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید احمد سے ٹیلی فون پر رابطہ کرکے انکی خیریت دریافت کی اور ان پر قاتلانہ حملہ کی سخت ترین الفاظ مذمت کی۔جناب الطاف حسین نے شیخ رشید سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آج قاتلانہ حملہ میں اللہ تعالیٰ نے آپکو محفوظ رکھا لیکن بدقسمتی سے آپکے ساتھی دہشت گردی کا نشانہ بن گئے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے دہشت گردوں کی فائرنگ سے شیخ رشید احمد کے چار ساتھیوں کے بہیمانہ قتل پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں،ایم کیوایم کی جانب سے آپ،جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین اور راولپنڈی کے غمزدہ عوام سے دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہوں اور انہیں یقین دلاتا ہوں کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن ان کے دکھ میں برابر کا شریک ہے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام شہداء کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور تمام سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) شیخ رشید احمد نے خیریت دریافت کرنے اور اظہار یکجہتی پر جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کیا۔

## شیخ رشید پر قاتلانہ حملہ ملک اور جمہوریت کے خلاف سازش ہے،ڈاکٹر فاروق ستار میڈیا سے گفتگو

کراچی۔۔۔(مانیٹرنگ ڈیسک)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر اور وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے راولپنڈی میں عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید احمد پر قاتلانہ حملے اور اس کے نتیجے میں شیخ رشید کے زخمی ہونے اور ان کے 4 محافظوں کی ہلاکت پر گہری تشویش اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ شیخ رشید پر قاتلانہ حملہ دراصل ملک اور جمہوریت کے خلاف گھناؤنی سازش ہے اس سے جمہوریت کا مستقبل خطرے میں پڑ جائے گا۔پیر کے روز مختلف ٹی وی چینلز سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے کہا کہ شیخ رشید پر حملہ کھلی دہشت گردی اور انتہائی افسوس ناک واقعہ ہے میں متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے اس کی سخت الفاظ میں مذمت کرتا ہوں۔میں شیخ رشید احمد کے ساتھ

یکجہتی کا اظہار بھی کرتا ہوں ان پر قاتلانہ حملہ شرمناک اور بزدلانہ ہے ضرورت اس بات کی ہے کہ حکومت پنجاب اور قانون نافذ کرنے والے ادارے فوری طور پر عملی اقدامات کریں اور حملہ آوروں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزادی جائے یہ کوئی خودکش حملہ نہیں تھا اگر شیخ رشید کو موثر حفاظتی سہولت فراہم کی جاتی تو قاتل اتنے آرام سے فرار نہ ہوتے۔انہوں نے کہا کہ شیخ رشید نے اپنے حلقہ انتخاب کے حوالے سے جن خدشات کا اظہار کیا تھا وہ دور کردیئے جاتے اور حفاظتی اقدامات موثر ہوتے تو یہ واقعہ نہیں ہوتا۔انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب اس واقعہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائے کیونکہ حلقہ NA-55 انتخابات کے حوالے سے یہ حکومت کیلئے بھی بڑی آزمائش ہے حکومت اپنی ذمہ داری پوری کرے اور انتخابی عمل کو پرامن بنائے۔

## رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب اور رضا ہارون نے مردان ہاؤس میں اے این پی کی صوبائی قیادت سے ملاقات کی اجمل خٹک کے انتقال پر الطاف حسین کی جانب سے تعزیت کا اظہار کیا، ایم کیو ایم اے این پی کے ساتھ ملکر صوبے اور ملک کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن دیکھنا چاہتی ہے

کراچی۔۔۔8،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب اور رضا ہارون نے پیر کے روز مردان ہاؤس میں عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما رانا گل آفریدی اور اے این پی کی صوبائی قیادت سے ملاقات کی اور اے این پی کے بزرگ رہنما اجمل خٹک کے انتقال پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین بھی ان کے ہمراہ تھے۔ملاقات میں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے اے این پی کی صوبائی قیادت سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اجمل خٹک مرحوم باچا خان کے سچے پیروکار تھے اور ان کے انتقال سے ملک کی سیاست بزرگ رہنما سے محروم ہوگئی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم باچا خان کے سچے نظریات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور اے این پی کے ساتھ ملکر صوبے اور ملک کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن دیکھنا چاہتی ہے۔ملاقات میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے اجمل خٹک مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## اکوڑہ خٹک میں ایم کیو ایم کے تین رکنی وفد کی اے این پی کے مرکزی اور بزرگ رہنما اجمل خٹک کی نماز جنازہ میں شرکت اے این پی کے رہنماؤں، کارکنوں اور مرحوم کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا

اکوڑہ خٹک۔۔۔8،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر متحدہ قومی موومنٹ کے تین رکنی وفد نے اے این پی کے مرکزی رہنما اجمل خٹک کی نماز جنازہ میں شرکت کی اور اے این پی کے رہنماؤں، کارکنوں اور مرحوم کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ایم کیو ایم کے وفد میں صوبہ سرحد کے رہنما نوید خان، ایم کیو ایم اپر پنجاب زون کے رکن زاہد ملک اور رحیم خان شامل تھے۔وفد نے اجمل خٹک کے صاحبزادے ایمل خٹک سے ملاقات بھی کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔اس موقع پر میڈیا کے نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے ایم کیو ایم صوبہ سرحد کے رہنما نوید خان نے کہا کہ اجمل خٹک نے اپنی پوری زندگی باچا خان کے نظریات کی پیروی میں گزاری ہے اور انہوں نے باچا خان کے سچے نظریات پر عمل پیرا رہنے کیلئے مشکلات کا بھی سامنا کیا۔انہوں نے کہا کہ اجمل خٹک کی موت سے پیدا ہونے والا خلا کبھی پر نہیں کیا جاسکے گا اور ملکی سیاست اجمل خٹک مرحوم کی خدمات کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا

## سندھ کے تعلیمی اداروں سے یونیفارم ختم کرنے کا فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے، رابطہ کمیٹی یونیفارم ختم کرنے کا فیصلہ طلباء میں طبقاتی تفریق کے فروغ کا سبب بن سکتا ہے

کراچی۔۔۔8،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سندھ کے تعلیمی اداروں میں یونیفارم ختم کرنے کے فیصلے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں یونیفارم کا بنیادی مقصد طلباء میں طبقاتی تفریق کا خاتمہ کرنا ہے تاکہ وہ یکسوئی سے تعلیم حاصل کرسکیں۔سندھ کے تعلیمی اداروں سے یونیفارم ختم کرنے کا فیصلہ طلباء میں طبقاتی

تفریق کے فروغ کا سبب بن سکتا ہے اوراس فیصلہ سے سندھ کے غریب طلباء میں مزید احساس محرومی جنم لے سکتا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ معاشرے میں طبقاتی تفریق کے باعث غریب عوام کوانگنت مسائل کا سامنا ہے اوران حالات میں سندھ کے تعلیمی اداروں سے یونیفارم ختم کرنے کا فیصلہ دانشمندانہ قرار نہیں دیا جاسکتا۔ رابطہ کمیٹی نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اورسینئر صوبائی وزیرتعلیم پیرمظہرالحق سے مطالبہ کیا کہ سندھ کے تعلیمی اداروں سے یونیفارم ختم کرنے کے فیصلہ پرنظرثانی کی جائے اورسندھ کے تعلیمی اداروں سے یونیفارم ختم کرنے کا فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے۔

## ایم کیوایم کے تحت لندن، برمنگھم اور مانچسٹر میں بم دھماکوں کے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کے اجتماعات

## لندن میں منعقدہ اجتماع میں رابطہ کمیٹی کے ارکان، ذمہ داران اورکارکنان کی بڑی تعداد میں شرکت کی

لندن۔۔۔8،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ یونٹ کے زیراہتمام ایم کیوایم کے کارکنان سمیت کراچی میں بم دھماکوں میں جاں بحق ہونے والے افراد کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع ہوااورتمام شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔قرآن خوانی کا اجتماع لندن کے علاقے برنٹ اوک میں واقع ایم کیوایم یوکے یونٹ آفس میں ہوا جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان طارق میر، طارق جاوید، قاسم علی رضا، محمداشفاق، ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے آرگنائزرڈاکٹرسلیم دانش، جوائنٹ آرگنائزرفیض احمد، آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، لندن کے مختلف یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان اورزندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ بعدازاں حافظ مسرور نے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی اوراجتماعی دعا کرائی۔اجتماعی دعا میں ایم کیوایم کے سات کارکنان سمیت بم دھماکوں میں جاں بحق ہونے والے تمام شہداء کے بلند درجات، شہداء کے لواحقین کیلئے صبرجمیل، کراچی سمیت ملک بھرمیں دہشت گردی کے خاتمہ اورایم کیوایم کے حق پرستانہ پیغام کے فروغ کے علاوہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمراورصحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

دریں اثناء کراچی میں ہونے والے بم دھماکوں میں شہید ہونے والے ایم کیوایم کے کارکنان سمیت تمام شہداء کے ایصال ثواب کیلئے ایم کیوایم برمنگھم اور مانچسٹر میں بھی قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد ہوئے اورتمام شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

## صحافی رانامبشراوران کی ٹیم پرسرکاری اسپتال میں عملے کے تشدد کا نوٹس لیاجائے، افتخاراکبررندھاوا، ڈاکٹرعلی حسین

لاہور۔۔۔8،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخاراکبررندھاوااورڈاکٹرعلی حسین نے صحافی رانامبشراوران کی ٹیم پرسرکاری اسپتال میں عملے کی جانب سے تشدد کا نشانہ بنانے کی شدید مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ رانامبشراوران کی ٹیم کے ارکان اسپتال میں مریضوں کے مسائل معلوم کرکے صحافتی فرائض سرانجام دے رہے تھے جس پراسپتال کے عملے اورافسران نے تشدد اورکیمرا توڑکر مغلظات بکیں۔ رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ بے نظیراسپتال کے ڈاکٹرز کی جانب سے صحافیوں پرتشدد آزادی صحافت پرحملہ ہے۔رابطہ کمیٹی کے اراکین کہا کہ صحافیوں سے بدسلوکی اورتشدد میں ملوث ایم ایس اوردیگر عملے کے خلاف فوری کارروائی کی جائے۔

## پنجاب کے شہرسیالکوٹ میں ڈائیووبس سروس میں روڈ ہوسٹس 20 سالہ لڑکی کے گن پوائنٹ پراغواءاوراجتماعی زیادتی کے واقعہ کانوٹس لیاجائے، ایم کیوایم پنجاب زون

## پنجاب میں آئے روزانسانیت سوز واقعات کی خبریں منظرعام پرآتی ہیں لیکن مظلوموں کی دادرسی کرنے والاکوئی موجودنہیں

## خواتین کے تحفظ کیلئے ایوانوں میں منظورکئے گئے قانون کی حکمرانی کوپنجاب میں یقینی بنایا جائے

لاہور۔۔۔8،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ پنجاب زون نے سیالکوٹ میں ڈائیووبس سروس میں روڈ ہوسٹس 20 سالہ لڑکی کے گن پوائنٹ پراغواءاوراجتماعی زیادتی کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اورمطالبہ کیا ہے کہ واقعہ میں ملوث ملزمان کوفی الفور گرفتار کرکے قرارواقعی سزادی جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پنجاب میں آئے دن انسانیت سوز

واقعات کی خبریں منظر عام پر آتی ہیں لیکن ایسا محسوس ہوتا ہے کہ مظلوموں کی دادرسی کرنے والا کوئی موجود نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرے اور انسانیت سوز واقعات کا نشانہ بننے والے افراد کو انصاف کی فراہمی یقینی بنائے اور سماج دشمن عناصر کے خاتمے کیلئے عملی اقدامات بروئے کار لائے۔انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب میں مظلوم عوام بالخصوص خواتین کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کے تدارک کیلئے خواتین کے تحفظ کیلئے ایوانوں میں منظور کئے گئے قانون کی حکمرانی کو یقینی بنایا جائے۔ایم کیوایم پنجاب زون نے اجتماعی زیادتی کا نشانہ بننے والی 20 سالہ لڑکی سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ اجتماعی زیادتی کے واقعہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث ملزمان کو فی الفور گرفتار کرکے عبرت کا نشان بنایا جائے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے دادو زون کی 11 رکنی زونل کمیٹی اور یونٹس کمیٹیوں کا اعلان کردیا

## حق پرستی کی تحریک کو ملک بھر کے مظلوم عوام ہی کامیابی سے ہمکنار کریں گے،ڈاکٹر صغیر احمد

## ایم کیوایم دادو زون میں منعقدہ تنظیم نو کے اجلاس سے خطاب

دادو۔۔۔8،فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے دادو زون کی تنظیم نو کے سلسلے میں 11 رکنی زونل کمیٹی اور یونٹس کمیٹیوں کا اعلان کردیا ہے۔دادو زون کی زونل کمیٹی اور یونٹس کمیٹیوں کا اعلان ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر صغیر احمد نے دادو زون میں منعقدہ کارکنان کے اجلاس میں کیا جس میں کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی جبکہ اس موقع پر ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔تنظیم نو کے مطابق دادو زون کے زونل انچارج علی مرتضیٰ سومرو،جوائنٹ زونل انچارج بابر عباسی،جوائنٹ زونل انچارج فیروز الدین ناریجو،فنانس سیکریٹری نیاز حسین چانڈیو،آفس سیکریٹری افتخار احمد سومرو ہیں جبکہ دادو زون کی زونل کمیٹی کے اراکین میں مالک اشتر گوپانگ بھائی،غلام مصطفیٰ لُنڈ،غلام شبیر،مظہر نواز کلہوڑو،منظور علی ببر اور غلام مصطفیٰ شاہانی شامل ہیں۔تنظیم نو کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر صغیر احمد نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد ملک بھر کے مظلوم عوام کے حقوق کے حصول کیلئے ہے اور اس جدوجہد میں اب ملک بھر کے مظلوم عوام ایم کیوایم کو اپنا نجات دہندہ تسلیم کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے حق پرستی کی تحریک کی بنیاد ڈالی ہے اور اس تحریک کو ملک بھر کے مظلوم عوام کامیابی سے ہمکنار کریں گے کیونکہ یہ مظلوموں کی تحریک ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین مظلوموں کے قائد ہیں۔انہوں نے دادو زون کی نومنتخب زونل کمیٹی اور یونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران کو مبارکباد پیش کی اور انہیں تلقین کی کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو تحریک کے مشن،مقصد اور نظریئے کے تحت ہی انجام دیں اور اپنی خواہشات کو کبھی بھی تحریک کے نظریئے اور مشن پر حاوی نہ ہونے دیں۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔08فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم حیدرآباد زون سیکٹر ایچ کے سیکٹر انچارج کامران کے والد امان اللہ،ایم کیوایم حیدرآباد زون سیکٹر ٹنڈو جام کے جوائنٹ سیکٹر انچارج صابر کے والد اعظم علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆